Roll No.

No. of Questions - 11

SS–22–Urdu Sah.

No. of Printed Pages - 7

SENIOR SECONDARY EXAMINATION, 2014

URDU SAHITYA

Time : $3\frac{1}{4}$ Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات:

i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں.

vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

1. مندرجہ ذیل اقتباسات کوغور سے پڑھیئے اور کسی **ایک** اقتباس پر مشتمل سوالات کے جواب لکھیے۔

(الف)

اب پوچھو کہ تو کیوں کہ مسکن قدیم میں بیٹھا رہا۔ صاحب بندہ! میں حکیم محمد حسن خاں مرحوم کے مکان میں نو دس برس سے کرائے پر رہتا ہوں اور یہاں قریب کیا بلکہ دیوار بہ دیوار ہیں گھر حکیموں کے اور وہ نوکر ہیں راجہ نرندر سنگھ بہادر والی پٹیالہ کے۔ راجا نے صاحبان عالی شان سے عہد لے لیا تھا کہ بر وقت غارتِ دہلی یہ لوگ بچ رہیں۔ چنانچہ بعدِ فتح راجا کے سپاہی یہاں آبیٹھے اور یہ کوچہ محفوظ رہا ورنہ میں اور یہ شہر کہاں؟ مبالغہ نہ جاننا امیر غریب سب نکل گئے۔ جو رہ گئے تھے وہ نکالے گئے۔

سوالات: (i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح کیجئے اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیجئے۔ 5

(ii) حکیم محمد حسن خاں مرحوم کس راجا کے یہاں نوکری کرتے تھے؟ 1

(iii) غالبؔ کس کے مکان میں نو دس برس تک کرائے پر رہے؟ 1

(iv) نرندر سنگھ کہاں کے راجا تھے؟ 1

(ب)

دو پہر کو پریم چند سوسائٹی کا افتتاح تھا۔ حسین ساگر میں جو کلب ہے وہاں دعوت بھی تھی۔ ادیبوں کو کشتیوں میں سوار کر کے کلب میں پہنچایا گیا۔ درحالیکہ ایک راستہ خشکی سے بھی جاتا تھا۔ غالباً موٹر بوٹ کی نمائش مقصود تھی۔ کلب کی عمارت جھیل میں تعمیر کی گئی ہے۔ کوئی پچاس کے قریب ملازم ہوں گے۔ آٹھ کورس کا کھانا۔ اس دعوت پر اتنا صرف کیا گیا تھا کہ غالباً پریم چند کو اپنی زندگی میں اتنی رائلٹی نہ ملی ہوگی۔

سوالات : (i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح کریں اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیں۔ 5

(ii) دو پہر کو کس سوسائٹی کا افتتاح تھا؟ 1

(iii) دعوت کہاں رکھی گئی تھی؟ 1

(iv) ادیبوں کو کلب میں کس ذریعہ پہنچایا گیا؟ 1

2. مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ (100) سو الفاظ میں لکھیں: 6

(i) روشنائی

(ii) بجوکا

(iii) زرد پتوں کی بہار

3. مندرجہ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی **ایک** نثر نگار کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر لکھئے: 6

(i) اخترالایمان

(ii) غالبؔ

(iii) قرۃ العین حیدر

4. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** حصّہ کی تشریح کیجئے اور شاعر کا حوالہ بھی کیجئے: 8

(الف)

ہر حال میں مشیت مجھ کو بنا رہی ہے

میں اس کی قدرتوں کا شہکار بن رہا ہوں

خود اپنی جنتوں کی تخلیق کر رہا ہوں

خود اپنی زندگی کا معمار بن رہا ہوں

یہ جبر و قدر کی اک منزل ہے درمیانی

یہ جبر و قدر کی اک منزل ہے درمیانی

مجبور تو ہوں لیکن مختار بن رہا ہوں

یہ راہ وہ ہے جس میں ہر سانس اک سفر ہے

منزل بھی راستہ ہے لغزش بھی راہبر ہے

(ب)

(i) اب بھاگتے ہیں سایۂ عشقِ بتاں سے ہم
کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسماں سے ہم

(ii) دونوں جولاں گاہِ جنوں ہیں بستی کیا ویرانہ کیا
اٹھ کے چلا جب کوئی بگولا دوڑ پڑا دیوانہ بھی

(iii) منزلِ عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر بھی ہوگی

(iv) ہم کو گذری ہوئی صدیاں تو نہ پہچانیں گی
آنے والے کسی لمحے کو صدا دی جائے

5. مندرجہ ذیل شعرا میں سے کسی **ایک** شاعر کی سوانح حیات اور کلام کی خوبیاں تحریر کریں: 6

(i) جان نثار اختر

(ii) معین احسن جذبی

(iii) علی سردار جعفری

6. مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی **ایک** نظم کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 6

(i) گورِ غریباں

(ii) روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے

(iii) ملک بے سحر و شام

7. خیابانِ اُردو کے درج ذیل مضامین میں سے کسی **ایک** کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے : 6

(i) جنم دن

(ii) یہودی کی لڑکی

(iii) مرحوم کی یاد میں

8. مندرجہ ذیل سوالات میں سے دو کے مختصر جواب لکھیے : 1 + 1 = 2

(i) ''بیوہ'' ناول کے ناول نگار کون ہیں؟

(ii) کہانی ''جلتی جھاڑی'' کس زبان سے ترجمہ کی گئی ہے؟

(iii) پطرس بخاری کے انشایئے کا نام لکھئے۔

(iv) کہانی ''کلرک کی موت'' کے مصنف کون ہیں؟

9. مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب تفصیل سے لکھیں : 8 + 8 = 16

(i) فورٹ ولیم کالج کلکتہ نے اردو کی ترقی کے لئے کیا خدمات انجام دیں؟

(ii) 'دبستان لکھنؤ' کی اہم خوبیاں بیان کیجئے۔

(iii) اردو زبان کی پیدائش کے اہم نظریات پر روشنی ڈالئے۔

(iv) ترقی پسند تحریک کی ادبی خدمات پر اظہار خیال کیجئے۔

10. مندرجہ ذیل اصناف میں سے کسی **ایک** صنف پر مختصر نوٹ لکھیے : 8

(i) غزل

(ii) افسانہ

(iii) انشائیہ

11. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھیں : 8

(i) پسندیدہ شاعر

(ii) تعلیم نسواں

(iii) کمپیوٹر کی اہمیت

(iv) بڑھتی آبادی کا مسئلہ